پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

# معیشت

## 34% کاروباری اداروں نے اپنے موجودہ کاروباری حالات خراب ہونے کی اطلاع دی، کاروباری حالات بہت خراب ہونے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح میں واضح کمی آئی ہے۔

**(گیلپ بزنس کانفیڈنس سروے Q1 2022)،**

(اسلام آباد، 30 مئی 2022)


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 34% کاروباری اداروں نے اپنے موجودہ کاروباری حالات خراب ہونے کی اطلاع دی، کاروباری حالات بہت خراب ہونے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح میں واضح کمی آئی ہے۔

گیلپ بزنس کانفیڈنس سروے Q1 2022 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں:

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آج کل آپ کے کاروبار کے حالات کیسے ہیں؟ کیا آپ کہیں گے کہ حالات بہت اچھے، اچھے، خراب یا بہت خراب ہیں؟"**۔ Q1 2022 میں اس سوال کے جواب میں 8% کاروباری اداروں کے مطابق آج کل اُن کے کاروبار کے حالات بہت اچھے ہیں، 58% کاروباری اداروں کے مطابق حالات اچھے ہیں، 27% کاروباری اداروں کے مطابق حالات خراب ہیں، جبکہ 7% کاروباری اداروں کے مطابق آج کل اُن کے کاروبار کے حالات بہت خراب ہیں۔

**" آج کل آپ کے کاروبار کے حالات کیسے ہیں؟ کیا آپ کہیں گے کہ حالات بہت اچھے، اچھے، خراب یا بہت خراب ہیں؟"**

**پاکستان بھر سے**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## تقابلی جائزہ:

Q4 2021 کے بعد سے، موجودہ کاروباری حالات میں بہتری آئی ہے، اپنے کاروبار کے حالات اچھے ہونے کا دعویٰ کرنے والے افراد کی شرح میں 24% کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔


### تقابلی جائزہ




## کاروباری اداروں کے اعتبار سے نتائج:

سروسز فراہم کرنے والے 63% کاروباری ادارے اور اشیاء تیار کرنے والے 69% کاروباری اداروں نے اپنے موجودہ کاروباری حالات اچھے ہونے کی اطلاع دی۔

### کاروباری اداروں کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے مینوفیکچرنگ، تجارتی اور سروسز فراہم کرنے والے شعبوں کے 538 کاروباری اداروں سے 23 فروری 2022 تا 7 مارچ 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, May 30, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)